Inam

30-11-2024

13.50 Hrs

HL-Opening

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

Music

---

☆ وزیراعظم نریندر مودی، اوڈیشہ کے بھوبنیشور میں پولیس کے ڈائریکٹر جنرل اور انسپکٹر جنرل صاحبان کی کل ہند کانفرنس میں شرکت کررہے ہیں۔

☆ مرکز اور ایشیائی ترقیاتی بینک نے کسانوں کی بہتر فصل اور ان کی پیداوار میں سدھار کے لئے 9 کروڑ 80 لاکھ ڈالر کے قرض کے ایک معاہدے پر دستخط کئے ہیں۔

☆ مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے بہار کے مدھوبنی میں مختلف ترقیاتی اسکیموں کے مستفیدین کو ایک ہزار121 کروڑروپے سے زیادہ کے قرضے تقسیم کئے ہیں۔

☆ تمل ناڈو میں سمندری طوفان فینجل کے سبب ساحلی اضلاع میں معمولات زندگی درہم برہم ہے۔نشیبی علاقے کے لوگوں کو کیمپوں میں منتقل کیا جارہا ہے۔

☆ اور بیڈمنٹن میں دھروکپیلا اور تنیشا کراسٹو کی بھارتی جوڑی لکھنؤ میں سید مودی بھارتی بین الاقوامی ٹورنامنٹ میں مکس ڈبلز کے فائنل میں پہنچ گئی ہے۔

Music

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

DAY PM DGPs

وزیراعظم نریندرمودی آج اوڈیشہ کے بھوبنیشور میں پولیس کے ڈائریکٹر جنرل اور انسپکٹر جنرل صاحبان کی کل ہند کانفرنس میں شرکت کررہے ہیں۔ وزیرداخلہ امت شاہ نے کل لوک سیوا بھون کے کنونشن ہال میں اس تین روزہ کانفرنس کا افتتاح کیا تھا۔ وزیراعظم مودی اس کانفرنس میں کل بھی شرکت کریں گے۔ وزیر داخلہ امت شاہ، قومی سلامتی کے مشیراجیت ڈوبھال اور وزیراعظم کے پرنسپل سکریٹری پی کے مشرا اس کانفرنس میں شرکت کرنے والی سرکردہ

شخصیات میں شامل ہیں۔ یہ کانفرنس پولیس کے سینئر عہدے داران اور سلامتی سے متعلق منتظمین کو ملک میں قومی سلامتی کے حوالے سے معاملات پر تبادلہ خیال اور وسیع تر مباحثے کا موقع فراہم کرے گی۔ اس کانفرنس کے دوران گرانقدر خدمات کے لئے صدر جمہوریہ کے پولیس میڈل بھی عطا کئے جائیں گے۔××

## VP CONCLAVE

نائب صدرجمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے کہا ہے کہ ترقی یافتہ بھارت اب ایک خواب نہیں ہے بلکہ ایک ہدف ہے اور ملک اسے اپنے عزم کے ساتھ حاصل کرلے گا۔ آج صبح نئی دلی میں ترقی یافتہ بھارت **2047** : نئے بھارت کا وژن **3.0** کے موضوع پرمنعقدہ ایک کانکلیوسے خطاب کرتے ہوئے جناب دھنکھڑ نے کہا کہ بھارتی معیشت اور بنیادی ڈھانچے، ڈجیٹل بنیادی ڈھانچے اور ڈجیٹل رسائی کی آئی ایم ایف ، عالمی بینک اور عالمی اقتصادی فورم نے ستائش کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف نے کہا ہے کہ بھارت ،سرمایہ کاری اورامکانات کے لئے ایک پسندیدہ مقام ہے۔ نائب صدرنے کہا کہ شفافیت اور جوابدہی نظام کا حصہ بن چکے ہیں اور کم سے کم وقت میں پچاس کروڑسے زیادہ افراد کو بینکنگ نظام سے مربوط کیا گیا ہے۔ انہوں نے ووکل فارلوکل پربھی زوردیا۔ جناب دھنکھڑ نے لوگوں سے اپنی ضرورت کے مطابق وسائل کا استعمال کرنے کو بھی کہا۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں کو وسائل کا بغیرسوچے سمجھے استعمال کرنے سے بچنا چاہئے اور ان کے تحفظ میں اپنا کردار ادا کرنا چاہئے۔××

## Govt. ADB

مرکز اور ایشین ڈیولپمنٹ بینک **ADB** نے **9** کروڑ **80** لاکھ امریکی ڈالر کے قرض کےمتعلق ایک معاہدے پر دستخط کئے ہیں، جس کا مقصد باغبانی سے وابستہ کسانوں کی بہتری کیلئے بیماریوں سے پاک مصدقہ زرعی مصنوعات تک ان کی رسائی کو ممکن بنانا ہے۔ اس معاہدے سےفصلوں کی پیداوار، معیار میں بہتری اور کسانوں کو آب و ہوا کی تبدیلی سے ہونے والے اثرات سے نمٹنے کے قابل بنانا ہے۔

بھارت کے صاف ستھرے زرعی پروگرام کی تعمیر کیلئے کئے گئے اِس معاہدے پر اقتصادی امور کے جوائنٹ سکریٹری اور اے ڈی بی کے **India Resident Mission** کے **Officer-in-Charge** نے دستخط کئے۔

وزارتِ خزانہ کے مطابق، یہ پروجیکٹ **Atmanirbhar Clean Plant Programme (CPP)** کو تقویت بخشے گا، جس سے زرعی صحت کے بندوبست کو تقویت ملے گی۔

اس معاہدے سے ریگولیٹری فریم ورک اورسسٹم کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی تاکہ بھارت میں باغبانی کیلئے **CPP** کو موثر انداز میں نافذ کیا جاسکے ۔ **x**

## Rev. Sitharaman - Bihar Visit

مرکزی وزیرِ خزانہ نرملا سیتارمن نے بہار میں مدھوبنی ضلعے کے **Jhanjharpur** میں قرضہ پروگرام کے تحت **50** ہزار سے زیادہ مستفیدین کو ایک ہزار **121** کروڑ روپے سے زیادہ کے قرضے اور منظوری نامے پیش کئے۔ محترمہ سیتارمن نے مختلف مستفیدین کو پی ایم **SVANIDHI** ، پی ایم وِشوکرما ، مُدرا، اسٹینڈ اَپ انڈیا اور کسان قرضہ کارڈ اسکیم کے تحت یہ قرضے عطا کئے۔ اِس سے پہلے انہوں نے خواتین کے 'اپنی مدد آپ کرو' گروپوں کے اراکین ، خاص طور پر **Jeevika** دیدیوں کے ساتھ بات چیت کی، جنہوں نے اپنی مختلف زرعی مصنوعات اور دست کاریوں وغیرہ کو نمائش کیلئے رکھا ہے۔

اپنے بہار کے دورے کے اختتام پر محترمہ سیتا رمن کاریگروں، دستکاروں، مدھوبنی پینٹنگ کے فن کاروں اور **Saurath** میں **Mithila Chitrakala Sansthan** میں پدم ایوارڈ حاصل کرنے والوں سے بھی بات چیت کریں گی۔ **x**

## Maha - New CM

مہاراشٹر میں ہوئے انتخابات کے نتائج آنے کے تقریباً ایک ہفتے بعد مہاراشٹر حکومت کے سلسلے میں فیصلے پر قیاس آرائیاں جاری ہیں۔ مہایوتی اتحاد کے رہنما ممبئی اور دلّی میں متعدد میٹنگز کررہے ہیں، جہاں وزیر اعلیٰ کے نام کا ابھی فیصلہ نہیں ہوا ہے۔ **BJP** اور شیو سینا کے ذرائع نے بتایا ہے کہ نئے وزیر اعلیٰ کی حلف برداری کی تقریب **5** دسمبر کو آزاد میدان میں ہوگی۔ منتخب شدہ **78** امیدوار پہلی بار **288** رکنی مہاراشٹر اسمبلی کا حصہ بنیں گے، جس میں ان کا **27** فیصد حصہ رہے گا۔ ان میں سے **BJP** کے **33** ، شیو سینا کے **14** اور **NCP** کے **8** امیدوار اسمبلی میں شامل ہوں گے۔

وہیں شیو سینا **(UBT)** میں **10** نئے امیدوار ہیں۔ اسی طرح کانگریس کے چھ امیدوار اور **NCP (SP)** کے چار امیدوار نئے ہیں۔ **x**

## Scindia Asthalakshmi

وزیراعظم نریندرمودی آج اوڈیشہ کے بھوبنیشور میں پولیس کے ڈائریکٹر جنرل اور انسپکٹر جنرل صاحبان کی کل ہند کانفرنس میں شرکت کررہے ہیں۔ وزیرداخلہ امت شاہ نے کل لوک سیوا بھون کے کنونشن ہال میں اس تین روزہ کانفرنس کا افتتاح کیا تھا۔ وزیراعظم مودی اس کانفرنس میں کل بھی شرکت کریں گے۔ وزیر داخلہ امت شاہ، قومی سلامتی کے مشیراجیت ڈوبھال اور وزیراعظم کے پرنسپل سکریٹری پی کے مشرا اس کانفرنس میں شرکت کرنے والی سرکردہ

شخصیات میں شامل ہیں۔ یہ کانفرنس پولیس کے سینیئر عہدے داران اور سلامتی سے متعلق منتظمین کو ملک میں قومی سلامتی کے حوالے سے معاملات پرتبادلہ خیال اور وسیع تر مباحثے کا موقع فراہم کرے گی۔ اس کانفرنس کے دوران گرانقدر خدمات کے لئے صدر جمہوریہ کے پولیس میڈل بھی عطا کئے جائیں گے۔××

## Maha - New CM

مہاراشٹر میں ہوئے انتخابات کے نتائج آنے کے تقریباً ایک ہفتے بعد مہاراشٹر حکومت کے سلسلے میں فیصلے پر قیاس آرائیاں جاری ہیں۔ مہایوتی اتحاد کے رہنما ممبئی اور دلّی میں متعدد میٹنگز کررہے ہیں، جہاں وزیر اعلیٰ کے نام کا ابھی فیصلہ نہیں ہوا ہے۔ **BJP** اور شیو سینا کے ذرائع نے بتایا ہے کہ نئے وزیر اعلیٰ کی حلف برداری کی تقریب **5** دسمبر کو آزاد میدان میں ہوگی۔ منتخب شدہ **78** امیدوار پہلی بار **288** رکنی مہاراشٹر اسمبلی کا حصہ بنیں گے، جس میں ان کا **27** فیصد حصہ رہے گا۔ ان میں سے **BJP** کے **33** ، شیو سینا کے **14** اور **NCP** کے **8** امیدوار اسمبلی میں شامل ہوں گے۔

وہیں شیو سینا **(UBT)** میں **10** نئے امیدوار ہیں۔ اسی طرح کانگریس کے چھ امیدوار اور **NCP (SP)** کے چار امیدوار نئے ہیں۔ **x**

## Delhi - Pollution

قومی راجدھانی دلّی میں ہوا کا معیار برابر بہت زیادہ ناقص زمرے میں ہے اور ہوا کے معیار سے متعلق اشاریہ دن میں ایک بجے **353** تھا۔ آلودگی پر کنٹرول سے متعلق مرکزی بورڈ نے بتایا ہے کہ کچھ علاقوں میں یہ اشاریہ **400** سے بھی تجاوز کرگیا ہے۔ خبروں کے مطابق دلّی کے جہانگیر پوری اسٹیشن میں یہ اشاریہ **408** ، بوانہ میں **400** ، پنجابی باغ میں **399** ، آنند وِہار میں **376** ، اشوک وہار میں **369** اور **ITO** پر **334** تھا۔ موسمیات کے محکمے نے پیشگوئی کی ہے کہ دلّی اور **NCR** کے علاقے میں اگلے دو دن کے دوران رات اور صبح کے وقت کہرا اور گرد و غبار چھائے رہنے کا امکان ہے۔ **x**

## TN - Cyclone

جنوب مغربی خلیج بنگال سے اٹھنے والا سمندری طوفان **Fengal** کل آدھی رات سے **15** کلومیٹر فی گھنٹے کی رفتار سے شمال مغربی سمت میں بڑھ رہا ہے۔ آج رات اِس طوفان کے پدوچیری پہنچنے کا اندیشہ ہے۔ موسمی حالات کی

وجہ سے ڈیلٹا کے اضلاع کے ساحلی علاقوں میں روزمرہ کی زندگی مفلوج ہوکر رہ گئی ہے۔نشیبی علاقوں میں رہنے والے لوگ احتیاط کے طور پر کیمپوں میں چلے گئے ہیں اور انہیں پناہ ، اشیاء خوردنی اور بنیادی امداد فراہم کی جارہی ہے۔ آبی ذخیروں میں پانی کی سطح بتدریج بڑھ رہی ہے۔ طوفان کے مدنظرتمل ناڈو کے وزیر اعلیٰ ایم کے اسٹالن نے آج حالات کا جائزہ لیا ہے۔ x

## Puduchehrry Cyclone

پڈوچیری میں آج دوپہر سمندری طوفان فینجل کے پیش نظرساحلی علاقوں میں سلامتی کو یقینی بنانے کے لئے تین سو سے زیادہ پولیس اہلکاروں کو تعینات کیا گیا ہے۔ ساحل سے متصل سڑکوں کو بند کردیا گیا ہے اور لوگوں کے ان علاقوں میں آنے جانے پر سخت پابندی ہے۔ پولیس کے سینئرسپر ینٹنڈنٹ آرکلئیونن نے ساحلی حصوں میں صورتحال کا معائنہ کیا۔ صبح سے پڈوچیری میں ہلکی بارش ہورہی ہے اور سمندر میں اونچی لہریں اٹھ رہی ہیں۔

## MEA-Bangladesh

بھارت نے بنگلہ دیش سے کہا ہے کہ وہ اقلیتی برادریوں کی حفاظت کیلئے سبھی اقدام کرے۔ کل نئی دلّی میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ بھارت نے، ہندوؤں اور دیگر اقلیتی برادریوں کو درپیش خطرات اور اُن پر کئے جانے والے حملوں کے معاملے پر لگاتار اور مضبوطی کے ساتھ آواز اٹھائی ہے۔ انھوں نے کہا کہ اِس معاملے پر بھارت کا موقف واضح ہے کہ عبوری حکومت کو چاہئے کہ وہ سبھی اقلیتی برادریوں کی حفاظت کی ذمہ داری کو پورا کرے۔

ترجمان نے انتہا پسندانہ بیانات میں اضافے پر تشویش کا اظہار کیا، جس سے تشدد اور اشتعال انگیزی کے واقعات میں اضافہ ہوا ہے۔

چنموئے کرشنا داس کی گرفتاری کے بارے میں انھوں نے کہا کہ اِس سلسلے میں قانونی کارروائی جاری ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت امید کرتا ہے کہ اِس کارروائی سے ایک منصفانہ اور شفاف طریقے سے، اِس مقدمے سے نمٹا جائے گا، جس سے سبھی متعلقین کے قانونی حقوق کے تئیں پورے احترام کی یقین دہانی ہوتی ہو۔

## Nigeria - Boat Capsized

نائیجیریا میں ایک کشتی کے اُلٹ جانے سے ، جس میں گنجائش سے زیادہ لوگ سوار تھے،کم سے کم **27** افراد ہلاک اور **100** سے زیادہ لاپتہ بتائے جاتے ہیں۔ یہ کشتی اِن لوگوں کو ایک **Food** مارکیٹ لے جارہی تھی ، لیکن

وہاں پہنچنے سے پہلے ہی **Niger** ندی کے پاس الٹ گئی۔ **Niger** کے ہنگامی حالات سے نمٹنے والے ایک ادارے نے بتایا ہے کہ تقریباً **200** مسافر ، جن میں زیادہ تر خواتین تھیں، اِس کشتی میں سوار تھے اور یہ **Kogi** سے ایک پڑوسی ریاست کیلئے جارہے تھے۔ **x**

## Iceland - Election

آئس لینڈ میں نئی پارلیمنٹ کے انتخاب کیلئے آج ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔ وزیر اعظم **Bjarni Benediktsson** نے تین جماعتی اتحادی سرکار کے درمیان اختلافات کی وجہ سے اِس سال اکتوبر میں پارلیمنٹ کو تحلیل کردیا تھا۔ اِس انتخاب میں اصل مقابلہ لبرل ریفارم پارٹی ، سوشل ڈیموکریٹک اتحاد اور **Independence** پارٹی کے درمیان ہے۔ آئس لینڈ کی یوروپی یونین کی رکنیت اُن اہم معاملات میں شامل رہے ہیں، جو چناؤ مہم کے دوران اٹھائے گئے تھے۔ **x**

## Badminton

بیڈمنٹن میں، لکھنؤ میں جاری سید مودی بین الاقوامی چیمپئن شپ **2024** کے سُپر **300** ٹورنامنٹ میں **Dhruv Kapila** اور **Tanisha Grasto** کی جوڑی مکسڈ ڈبلز کے فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ بھارتی جوڑی نے **Zhou Zhi Hong** اور **Yong ji Yi** کی چینی جوڑی کو **21-16** ، **21-15** سے ہراکر فائنل میں پہنچی ہے۔

خواتین کے سنگلز میں دو بار کی اولمپک تمغہ یافتہ بھارتی کھلاڑی پی وی سندھو اور اُن کی ہم وطن **Unnati Hooda** کے درمیان میچ جاری ہے۔ **x**

## U-19 Asia Cup

کرکٹ میں متحدہ عرب امارات کے دوبئی بین الاقوامی اسٹیڈیم میں **19** سال سے کم عمر کے ایشیا کپ کے گروپ اے کے تحت بھارت اور پاکستان کے درمیان ایک روزہ بین الاقوامی میچ جاری ہے۔ پاکستان نے ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔

اب سے کچھ دیر پہلے تک پاکستان نے **46** اوور میں **4** وکٹ پر **253**رن بنالئے تھے۔xx

☆☆☆☆☆☆